## ایم کیوایم کے تحت یوم شہداء منایا گیا۔ کراچی سمیت سندھ کے 19 شہروں، پنجاب، سرحد، بلوچستان، اسلام آباد اور آزاد کشمیر میں اجتماعات منعقد کئے گئے۔ شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

## رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست امیدواروں اور کارکنان و ذمہ داروں نے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیوایم کے پندرہ ہزار سے زائد کارکنان کی یاد میں ہر سال کی طرح اس امسال بھی ''یوم شہداء'' ملک بھر میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ یوم شہداء کے سلسلے میں کراچی اور اندرون سندھ کے 19 شہروں سمیت صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، اسلام آباد اور آزاد کشمیر میں بھی اجتماعات منعقد کئے گئے اور شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گی۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا جس میں رابطہ کمیٹی کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، بابر خان غوری، عادل صدیقی، شکیل عمر، نیک محمد، شاہد لطیف، ڈاکٹر عاصم رضا، اشفاق منگی، محترمہ خورشید افسر، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست سینیٹرز، عام انتخابات 2008ء میں قومی وصوبائی اسمبلی کیلئے نامزد حق پرست امیدواران، سابق ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیوایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے ارکان، کراچی کی سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں کے علاوہ شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں مولانا فیروز الدین رحمانی نے اجتماعی دعا کرائی جس میں ناصر حسین شہید، عارف حسین سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے عزیز آباد کے شہداء قبرستان جا کر شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر الیکشن 2008ء کیلئے حق پرست امیدواران اور ایم کیوایم کے ذمہ داران بھی انکے ہمراہ موجود تھے۔ کراچی کی طرح حیدرآباد، سکھر، میرپور خاص، نوابشاہ، سانگھڑ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، بدین، ٹھٹھہ، قمبر شہداد کوٹ، ٹنڈو لہ یار، جیکب آباد، عمر کوٹ اور جامشورو میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر پر بھی یوم شہداء کے سلسلے میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں کارکنوں اور ذمہ داروں نے شرکت کی۔ یوم شہداء کے سلسلے میں صوبہ بلوچستان کے شہر کوئٹہ میں ایم کیوایم کے صوبائی دفتر میں فاتحہ خوانی کی گئی جس میں ایم کیوایم کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی، جوائنٹ آرگنائزر عبدالحئی بنگلزئی، صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور کارکنان نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں پنجاب، سرحد، آزاد کشمیر اور اسلام آباد میں بھی یوم شہداء کے اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں عام انتخابات میں نامزد ایم کیوایم کے امیدواران، صوبائی کمیٹیوں کے اراکین، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## عوام دھوکے باز سیاستدانوں کو مسترد کردیں اور مخلص اور دیانتدار قیادت کا انتخاب کریں، یوسف شاہوانی

## بلوچستان سمیت ملک بھر میں مقیم بلوچ عوام حق پرست نامزد امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں

کوئٹہ۔۔۔9، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی و اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے بلوچستان سمیت ملک بھر میں مقیم بلوچ عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عوام انتخابات میں 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو کامیاب کرائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں آرگنائزنگ کمیٹی بلوچستان نے کہا کہ ملک کے عوام کو چند خاندانوں نے یرغمال بنا رکھا ہے اور یہی خاندان عوام کے ووٹوں سے منتخب ہونے کے بعد اقتدار میں آجاتے ہیں جبکہ ماضی گواہ ہے کہ اس خاندان کی جانب سے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے کوئی کردار ادا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین نے آواز بلند کی اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کئے اور ایم کیوایم بلوچستان سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اس مرتبہ بھی ملک بھر سے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو عام انتخابات 2008ء کیلئے نامزد کیا ہے، اگر عوام اپنے قیمتی ووٹ کا درست استعمال کریں اور اپنے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ کوششیں کرنے والے نمائندوں کو ووٹ دے کر منتخب کریں تو نہ صرف ملک وقوم کو ترقی کی راہ پر ڈالا جاسکتا ہے بلکہ صحیح جمہوریت بھی ملک میں متعارف کرائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے ضروری ہے کہ عوام دھوکے باز سیاستدانوں کو مسترد کردیں اور مخلص اور دیانتدار قیادت کا انتخاب کریں۔

## آئندہ انتخابات کے نتائج ثابت کردیں گے کہ عوامی نمائندگی کے اصل حق دار صرف حق پرست ہیں
## ڈاکٹر فاروق ستار، عادل صدیقی، خوش بخت شجاعت، عسکری تقوی کا ڈیفنس فیز 6 میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب
## پاکستان کے بزنس کمیونٹی کے رکن ایس ایم منیر نے بزنس کمیٹی کی جانب سے انتخابات میں متحدہ کی حمایت کا اعلان کیا

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے عوام کے دلوں میں گھر کرلیا ہے اور آئندہ انتخابات کے نتائج ثابت کردیں گے کہ عوامی نمائندگی کے اصل حق دار صرف حق پرست ہی ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ڈیفنس کلفٹن ریذیڈنٹ کمیٹی کے تحت ڈیفنس فیز 6 خیابان محافظ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کارنر میٹنگ میں ڈیفنس اور کلفٹن کی ممتاز شخصیات کے ساتھ ساتھ بزنس کمیٹی کے اراکین ایس ایم منیر، یحییٰ بولانی، گلزار فیروز، محمد حبیب خان، خالد تواب، شکیل ڈنگرا اور دیگر معززین نے بھی شرکت کی۔ تقریب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق صوبائی وزیر عادل صدیقی، این اے 250 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار محترمہ خوش بخت شجاعت، پی ایس 113 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سید عسکری تقوی، علاقے سے سابق رکن قومی اسمبلی اخلاق عابدی اور سابق رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر وفاقی ایوان صنعت وتجارت کے سابق صدر ایس ایم منیر نے بزنس کمیونٹی کی جانب سے انتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا اعلان کیا اور شہر میں کرائے گئے ترقیاتی کاموں کو سراہا۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے بے روزگاری، جاگیردارانہ نظام، دوہرے معیار، امیر و غریب کی تفریق اور انتہاء پسندی کا خاتمہ چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دینے سے ملک مضبوط ہوگا اور ترقی وخوشحالی کی راہوں پر مستحکم ہوکر چل سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ڈیفنس اور کلفٹن کے مکینوں کو ایم کیوایم سے متنفر کرنے کیلئے زہریلے پروپیگنڈے کئے گئے لیکن اب ڈیفنس اور کلفٹن کے عوام نے بھی حقائق پہچان لئے ہیں اور اب وہ بھی ایم کیوایم کے ساتھ ہیں اور انشاءاللہ 8 جنوری کو حق پرست امیدواروں کو شاندار کامیابی سے ہمکنار کریں گے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن عادل صدیقی نے کہا کہ عوام کی بلاامتیاز خدمت حق پرست قیادت کا منشور ہے اور حق پرست قیادت نے کراچی میں جو بھی ترقیاتی کام کرائے ہیں اس کی تعلیمات قائد تحریک جناب الطاف حسین نے دی ہیں۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے این اے 250 سے نامزد حق پرست امیدوار محترمہ خوش بخت شجاعت اور پی ایس 113 سے نامزد حق پرست امیدوار عسکری تقوی نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست اور دوسری جماعتوں کی سیاست میں سب سے بڑا فرق یہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ خدمت کے حوالے سے سیاست میں حصہ لیا جبکہ دوسری سیاسی جماعتوں نے سیاست کو اپنے اور اپنے خاندان کو فائدہ پہنچانے کیلئے استعمال کیا۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف کیا گیا تمام منفی پروپیگنڈہ ناکام ہوچکا ہے اور عوام جان چکے ہیں کہ اصل حقیقت کیا ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ عام انتخابات میں ڈیفنس کلفٹن کے عوام اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال ضرور کریں اور ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکنان مجیب الرحمٰن اور شفیق الرحمٰن کی والدہ محترمہ عزیزہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆